164425 ـ خاوند نے ساری عمر کنگن نہ اتارنے کی وصیت اور فوت ہوگیا تو کیا وصیت پر عمل کیا جائیگا

سوال

ایك چھہتر برس (76) کی عورت نے سونے کے کنگن پہن رکھے ہیں جو اس کے خاوند کی جانب سے تحفہ تھا خاوند نے بیوی سے وعدہ لیا کہ وہ ساری زندگی انہیں نہیں اتارے گی، اور جب وہ (بیوی) فوت ہو جائے تو کنگن توڑ کر اتارے جائیں، لیکن خاوند پہلے فوت ہو گیا اور اب اس بیوی کو کیا کرنا چاہیے ؟
جیسا کہ معلوم ہے کہ بیوہ دوران عدت سونا نہیں پہن سکتی اور نہ ہی خوشبو لگا سکتی ہے.... الخ اب اس عورت کو کیا کرنا چاہیے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

سوال نمبر (10670) اور (13966) کے جوابات میں بیان ہو چکا ہے کہ بیوہ عورت دوران عدت جن اشیاء سے اجتناب کریگی اس میں بغیر کسی ضرورت و حاجت کے دن یا رات کے وقت گھر سے باہر نکلنا منع ہے، اور اسی طرح خوبصورت لباس زیب تن کرنا بھی منع ہے، اور وہ زیور وغیرہ کے ساتھ زینت بھی اختیار نہیں کر سکتی، اور خوشبو نہیں لگا سکتی، صرف حیض یا نفاس سے فارغ ہو کر عادتا جو خوشبو استعمال ہوتی ہے وہ ہلکی سی استعمال کر سکتی ہے.

بیوہ عورت کو دوران عدت اوپر بیان کردہ امور سے اجتناب کرنا ہوگا یعنی اسلامی چار ماہ دس دن ان اشیاء کو استعمال نہیں کریگی، یہ عام عورتوں کی عدت ہے؛ لیکن حاملہ عورت کی عدت حمل وضع ہونے سے ختم ہو جائیگی.

ساری عمر زیور نہ اتارنے والی خاوند کی وصیت کی اتباع واجب نہیں؛ کیونکہ یہ ایسی وصیت ہے جس کا خاوند مالك نہیں، عورت زیور اتارے یا نہ اتارے یہ بیوی پر منحصر ہے، اور کسی کو بھی حق حاصل نہیں کہ وہ اسے اس پر لازم کرے.

پھر شریعت کی اتباع تو بالاولی ہے یعنی پہلے شریعت کی اتباع ہوگی پھر کسی اور کی، کیونکہ شریعت مطہرہ کی اتباع و پیروی مقدم ہے، شریعت مطہرہ نے بیوہ عورت کو عدت کی حالت میں زیور پہننے سے منع کیا ہے.

علی رضی اللہ تعالی عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

" معصیت و نافرمانی میں اطاعت نہیں ہے، بلکہ اطاعت و فرمانبرداری نیکی میں ہے "

صحیح بخاری حدیث نمبر (7257) صحیح مسلم حدیث نمبر (1840).

شیخ عبد العزیز بن باز رحمہ اللہ سے درج ذیل سوال دریافت کیا گیا:

کیا شریعت کی مخالف وصیت پر عمل کیا جائیگا یا نہیں ؟

اور جسے وصیت کی گئی ہو وہ اس وصیت کا کیا کرے؟

شیخ رحمہ اللہ کا جواب تھا:

" مخالف شریعت وصیتوں کا کوئی اعتبار نہیں کیا جائیگا، جب وصیت شریعت کی مخالف ہو تو اس وصیت کی تنفیذ نہیں ہوگی، صرف وہی وصیت نافذ ہوگی جو شریعت کے موافق ہو " انتہی

دیکھیں: نور علی الدرب کیسٹ نمبر (420).

اس بنا پر اس عورت کو عدت کے عرصہ میں اپنی کلائیوں سے کنگن اتار دینا ہونگے، اس کے بعد اگر چاہے تو پہن لے اور اگر چاہے تو نہ پہنے.

واللہ اعلم .